Telephone conversation between PM and Prime Minister of the Socialist Republic of Vietnam

April 13, 2020

وزیر اعظم نریندر مودی اور سوشلسٹ جمہوریہ ویتنام کے وزیر اعظم کے مابین ٹیلی فون پر بات چیت

13 اپریل، 2020

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے آج سوشلسٹ جمہوریہ ویتنام کے وزیر اعظم عالی جناب گگوئن زوان فوک سے ٹیلیفون پر بات چیت کی۔ دونوں رہنماؤں نے کووڈ 19 وبائی مرض سے پیدا ہونے والی صورتحال اور اس چیلنج سے نمٹنے کے لئے اٹھائے گئے اقدامات پر تبادلہ خیال کیا۔

رہنماؤں نے کووڈ-19 سے نبردآزمائی کے لئے باہمی اشتراک کے مضمرات پر اتفاق کیا، جن میں درکار طبی سازوسامان کی فراہمی کی سہولت بھی شامل ہے۔ انہوں نے اپنے اپنے ممالک میں موجود ایک دوسرے کے شہریوں کو ضروری مدد فراہم کرنے کا بھی عزم کیا۔

دونوں رہنماؤں نے ہندوستان اور ویتنام کے مابین اسٹریٹجک شراکت داری کی اہمیت پر زور دیا، اور مختلف محاذوں پر حالیہ پیشرفت پر اطمینان کا اظہار کیا۔ انہوں نے علاقائی اور بین الاقوامی پیشرفت کا بھی جائزہ لیا۔

دونوں رہنماؤں نے اتفاق کیا کہ ان کی ٹیمیں وبائی مرض کے رسپانس کے اقدامات کے ساتھ ساتھ دوطرفہ تعلقات کے دیگر پہلوؤں پر کوارڈینیشن کے لئے آنے والے دنوں میں رابطے میں رہیں گی۔

وزیر اعظم نے موجودہ بحران کے دوران ویتنام کے عوام کی صحت اور فلاح وبہبود کے لئے اپنی نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

نئی دہلی

13 اپریل، 2020

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release